© rasailojaraid.com



# گلدستہ اخبار

— خلیفہ قادیان اوائل مئی میں بغرض تبدیل آب وہوا ڈیرہ دون گئے تھے صرف ایک ہفتہ ٹھیر کر واپس آگئے۔

— قادیان کے مختلف دفاتر میں سہولت کیلئے ٹیلیفون کی تاریں لگائی گئی ہیں۔

— مفتی محمد صادق بھی بیمار رہے ہیں۔

— قادیان سے ایک مرزائی لڑکی نے مولوی عالم کا امتحان دیا ہے اور ایک لڑکی نے ایف اے کا۔

— امسال دسویں جماعت کے امتحان میں قادیان سے تیرہ لڑکیاں شامل ہوئی تھیں جن میں سے پانچ کامیاب ہوئیں۔

— سید زین العابدین شاہ قادیان سے علاقہ کشمیر میں گئے ہوئے تھے۔ جو واپس آگئے ہیں۔

— بمبئی میں محرم کے موقعہ پر ہندو مسلم فساد ہوگیا۔ ۲۲-مئی تک ۱۳۸ اشخاص ہلاک ۱۶۰۱ مجروح ہوچکے ہیں۔

— کمشنر اجمیر پر حملہ کرنے والے کو دس سال قید سخت کی سزا دی گئی۔ دو اور جرائم میں تین تین سال کی مزید قید ہوئی۔

— سرفضل حسین رخصت پر جارہے ہیں۔ ان کی جگہ چودھری ظفراللہ خان احمدی اگزکٹو کونسل کے قائمقام ممبر ہونگے۔

— کشمیر میں اب کشمیری پنڈتوں نے شورش پیدا کر رکھی ہے کہ جو اصلاحات اب کشمیر میں نافذ ہونگی وہ ہمیں منظور نہیں۔

— بنگال کے مشہور لیڈر بپن چندرپال فوت ہوگئے۔

© rasailojaraid.com